© rasailojaraid.com

## ○ عراق پر امریکی جارحیت، عیسائیت کا اسلام پر حملہ ہے (سید عطاء المہیمن بخاری)

تلہ گنگ (۱۷؍فروری) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ عراق پر امریکی جارحیت، عیسائیت کا اسلام پر حملہ ہے۔ حضرت پیر جی مدظلہ ۱۷؍فروری کو بعد از نماز عشاء مجلس احرار کے زیر اہتمام مسجد سیدنا ابوبکر صدیق تلہ گنگ میں ''عظمت قرآن'' کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ کروڑوں انسانوں نے دنیا بھر میں مظاہرے کر کے امریکہ کی انسانیت دشمن پالیسیوں کو مسترد کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام دنیا نے امریکی استعمار سے نفرت کا برملا اظہار کر کے اسے عالمی صف میں تنہا کر دیا ہے، مگر ہمارے عاقبت نا اندیش حکمران ابھی تک امریکی غلامی کا تمغہ سینے پر سجائے ملّت اسلامیہ پر عرصۂ حیات تنگ کرنے میں امریکہ کے مددگار بنے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کی اسلامی ریاست کی تباہی میں موجودہ حکمرانوں نے شرمناک کردار ادا کیا اور وہی مذموم کھیل عراق کے خلاف بھی کھیل رہے ہیں، لیکن یہ بھول رہے ہیں کہ عراق کے بعد کل ہماری باری آنے ہی کو ہے، انہوں نے کہا کہ ہم آزمائش کی اس گھڑی میں عراقی مسلمان بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں اور کفریہ قوتوں کے جارحانہ عزائم کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ کانفرنس سے قاری محمد سعید اور قاری محمد عابد نے بھی خطاب کیا۔ یہ کانفرنس مقامی احرار کارکن حاجی غلام شبیر کے بیٹے حافظ محمد بلال کے حفظِ قرآن مجید کی تکمیل کے موقع پر منعقد ہوئی۔

## ○ قرآن وسنت پر عمل سے ہی مسلمانوں کا وقار بحال ہو سکتا ہے

جلال پور پیروالہ (یکم مارچ) جامعہ فاروقیہ صوۃ القرآن جلال پور پیروالہ میں امیر مجلس احرار اسلام ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ نے حاضرین کو ذکر اللہ کرانے کے بعد، خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلمان قرآن اور پیغام نبوی ﷺ کو چھوڑ کر اپنی عظمت و وقار کھو چکے ہیں، اسی وجہ سے امت مسلمہ پر یہود و نصاریٰ رعب ڈال کر یہ باور کرانا چاہتے ہیں کہ ہم سپر پاور ہیں، حالانکہ سپر پاور اللہ کریم کی ذات ہے۔ ہم اگر کردار و عمل میں رحمتِ دو عالم ﷺ کے بتائے ہوئے اصولوں پر کاربند ہو جائیں تو کوئی طاقت ہمیں شکست نہیں دے سکتی۔ مجلس کا اہتمام قاری عبدالرحیم فاروقی اور عبدالرحمٰن جامی نقشبندی نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ عورت کے گھر سے نکلنے کی وجہ سے معاشرہ میں بے حیائی اور فحاشی کو فروغ مل رہا ہے۔ حدیث کے مطابق بے پردہ گھر سے نکلنے والی عورت پر اللہ تعالیٰ، انبیاء اور فرشتے لعنت بھیجتے ہیں۔ آج کے نوجوان کو قرآن کی بجائے گانے بجانے سے رغبت ہو گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس جگہ قرآن کریم کثرت سے پڑھا جاتا ہے، وہاں پر آنیوالا عذاب ٹل جاتا ہے۔ قرآن مجید کی تلاوت اور زیارت سے روحانیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس مقام پر اللہ کی یاد میں اجتماعات منعقد ہوتے ہیں وہاں پر اللہ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوتی ہیں ایسی روحانی مجالس میں شریک افراد اللہ تعالیٰ کی طرف سے مغفرت و نجات کے مستحق ہوتے ہیں۔

○ سیدنا حسینؓ نے غیرت و حمیت کا جو درس دیا، وہ قیامت تک اہل ایمان کیلئے مینارۂ نور رہے

## ○ تمام صحابہ رضی اللہ عنہم گواہانِ نبوت ﷺ اور نجات و مغفرت کے سند یافتہ ہیں

○ سانحہ کربلا دراصل یہودان خیبر اور خبیثانِ عجم کی سازشوں کا تسلسل اور آخری کاری وار ہے


© rasailojaraid.com